## دعائے روز بِسْمِ اللہِ الرَّحْمنِ الرَّحِیمِ چہارشنبہ(بدھ)

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت ہی رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی جَعَلَ اللَّیْلَ لِباساً، وَالنَّوْمَ سُباتاً، وَجَعَلَ النَّھارَ نُشُوراً، لَکَ الْحَمْدُ أَنْ

حمد اس خدا کے لیے ہے جس نے رات کو پر دے اور نیند کو آرام کا ذریعہ بنا یا او ر دن کو کا م کا ج کے لیے قرار دیا تیرے لیے

بَعَثْتَنِی مِنْ مَرْقَدِی وَلَوْ شِئْتَ جَعَلْتَہُ سَرْمَداً، حَمْداً دائِماً لاَ یَنْقَطِعُ أَبَداً، وَلاَ یُحْصِی لَہُ

حمد ہے کہ تو نے مجھے میری خوابگاہ سے زندہ اٹھایا اور اگر تو چاہتا تو اس نیند کو دائمی بنا دیتا۔ تیری ایسی حمد جو ہمیشہ رہے کبھی ختم

الْخَلائِقُ عَدَداً، اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ أَنْ خَلَقْتَ فَسَوَّیْتَ، وَقَدَّرْتَ وَقَضَیْتَ، وَأَمَتَّ وَأَحْیَیْتَ،

نہ ہو کہ جسکی تعداد کو مخلوق شمار نہ کر سکے۔ اے معبود تیرے ہی لیے حمد ہے کہ تو نے پیدا کیا تو درست پیدا کیا اور قضاء

وَأَمْرَضْتَ وَشَفَیْتَ، وَعافَیْتَ وَأَبْلَیْتَ، وَعَلَی الْعَرْشِ اسْتَوَیْتَ، وَعَلَی الْمُلْکِ احْتَوَیْتَ،

وقدر بنائی تو موت دیتا اور زندگی بخشتا ہے بیمار کرتا ہے شفا دیتا ہے تو بچاتا ہے اور آزماتا ہے اور عرش پر تیری حکومت اور ملک تیرے قبضہ قدرت میں ہے

أَدْعُوکَ دُعاءَ مَنْ ضَعُفَتْ وَسِیلَتُہُ، وَانْقَطَعَتْ حِیلَتُہُ، وَاقْتَرَبَ أَجَلُہُ، وَتَدانیٰ فِی الدُّنْیا أَمَلُہُ،

میں تجھے ایسے شخص کی طرح پکارتا ہوں جس کا وسیلہ کمزور ہو، چارۂ کار منقطع ہو گیا ہو، موت قریب آ گئی ہو اور وہ دنیا کی آرزو میں

واشْتَدَّتْ إِلَی رَحْمَتِکَ فاقَتُہُ، وَعَظُمَتْ لِتَفْرِیطِہِ حَسْرَتُہُ وَکَثُرَتْ زَلَّتُہُ وَعَثْرَتُہُ وَخَلُصَتْ

گرفتار ہو اور تیری رحمت کا بہت زیادہ محتاج ہو، اسکی کوتاہیوں کے باعث اسکی حسرتیں بڑھ چکی ہوں اور اسکی لغزشیں اور ٹھوکریں بہت زیادہ ہوں اور تیرے

لِوَجْھِکَ تَوْبَتُہُ فَصَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ خاتَمِ النَّبِیِّینَ وَعَلَی أَھْلِ بَیْتِہِ الطَّیِّبِینَ الطَّاھِرِینَ وَارْزُقْنِی

حضور سچی توبہ کر رہا ہوں پس تو نبیوں کے خاتم محمد مصطفیٰؐ پر رحمت فرما اور انکے پاک و پاکیزہ اہل بیتؑ پر بھی رحمت فرما اور مجھے محمدؐ و آل محمدؑ کی شفاعت وحمایت

شَفاعَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہِ وَلاَ تَحْرِمْنِی صُحْبَتَہُ إِنَّکَ أَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِینَ اَللّٰھُمَّ

نصیب فرما اور مجھے انکے قرب سے محروم نہ فرما۔ بے شک تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ اے معبود! اس بدھ کے دن

اقْضِ لِی فِی الْاَرْبَعاءِ أَرْبَعاً اجْعَلْ قُوَّتِی فِی طاعَتِکَ وَنَشاطِی فِی عِبادَتِکَ وَرَغْبَتِی فِی

میری چار حاجتیں پوری فرما کہ میری قوت اپنی اطاعت میں لگا دے، میری خوشی اپنی عبادت میں قرار دے اور میری توجہ اپنے ثواب کیطرف کر دے

ثَوابِکَ وَزُھْدِی فِیما یُوجِبُ لِی أَلِیمَ عِقابِکَ إِنَّکَ لَطِیفٌ لِما تَشاءُ.

اور جس چیز سے مجھ پر تیرا سخت عذاب آتا ہو مجھے اس سے دور فرما کہ بیشک تو جس پر چاہے لطف فرماتا ہے

دعائے روز آدینہ (جمعہ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمنِ الرَّحِیمِ

خدا کے نام سے (شروع) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الاَوَّلِ قَبْلَ الْإِنْشاءِ وَالْإِحْیاءِ، وَالاَخِرِ بَعْدَ فَناءِ الْاَشْیاءِ، الْعَلِیمِ الَّذِی لاَ یَنْسیٰ

حمد اس خدا کیلئے ہے جو ہستی وزندگی میں سب سے اول اور چیزوں کے فنا کے بعد سب سے آخر میں موجود ہوگا، وہ ایسا علم والا ہے

مَنْ ذَکَرَہُ، وَلاَ یَنْقُصُ مَنْ شَکَرَہُ، وَلاَ یَخِیبُ مَنْ دَعَاہُ، وَلاَ یَقْطَعُ رَجَاءَ مَنْ رَجَاہُ . اَللّٰھُمَّ إِنِّی

جو اس کو یاد کرے اسے بھولتا نہیں جو شکر کرے اسے کمی نہیں آنے دیتا پکارنے والے کو مایوس نہیں کرتا اور جو امید رکھے اس کی امید

أُشْھِدُکَ وَکَفیٰ بِکَ شَھِیداً، وَأُشْھِدُ جَمِیعَ مَلائِکَتِکَ وَسُکَّانَ سَمٰواتِکَ وَحَمَلَۃِ

منقطع نہیں کرتا خداوندا! میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا گواہ ہونا کافی ہے اور میں تیرے تمام فرشتوں، آسمانوں

عَرْشِکَ، وَمَنْ بَعَثْتَ مِنْ أَنْبِیائِکَ وَرُسُلِکَ، وَأَنْشَأْتَ مِنْ أَصْنَافِ خَلْقِکَ، أَنِّی أَشْھَدُ

کے رہنے والوں حاملین عرش اور تیرے ان نبیوں اور رسولوں کو جنہیں تو نے بھیجا اور ہرقسم کی مخلوق جو تو نے پیدا

أَنَّکَ أَنْتَ اللّٰہُ لاَ إِلٰہَ إِلاَّ أَنْتَ، وَحْدَکَ لاَ شَرِیکَ لَکَ وَلاَعَدِیلَ، وَلاَ خُلْفَ لِقَوْلِکَ

کی سبھی کو گواہ بناکر شہادت دیتا ہوں کہ بے شک تو خدا ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں

وَلاَ تَبْدِیلَ، وَأَنَّ مُحَمَّداً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہِ عَبْدُکَ وَرَسُولُکَ، أَدَّی مَا حَمَّلْتَہُ إِلَی الْعِبَادِ،

اور نہ برابر کا ہے اور تیرے قول میں اختلاف اور تبدیلی نہیں ہے اور شہادت دیتا ہوں کہ محمد ﷺ تیرے عبد خاص اور تیرے رسولؐ ہیں انہوں

وَجَاھَدَ فِی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ حَقَّ الْجِھَادِ وَأَنَّہُ بَشَّرَ بِمَا ھُوَ حَقٌّ مِنَ الثَّوَابِ، وَأَنْذَرَ بِمَا ھُوَ صِدْقٌ

نے تیرے احکام تیرے بندوں تک پہنچائے اور تیری الوہیت کیلئے جہاد کیا جس طرح جہاد کرنے کا حق ہے انہوں نے تیرے ثواب کی بشارت دی جو حق

مِنَ الْعِقَابِ . اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْنِی عَلیٰ دِینِکَ مَا أَحْیَیْتَنِی، وَلاَ تُزِغْ قَلْبِی بَعْدَ إِذْ ھَدَیْتَنِی، وَھَبْ لِی

ہے اور تیرے اس عذاب سے ڈرایا جو بجا ہے، خداوندا! جب تک مجھے زندہ رکھے اپنے دین پر قائم رکھنا اور ہدایت دینے کے بعد میرے دل کو ٹیڑھا نہ کرنا

مِنْ لَدُنْکَ رَحْمَۃً إِنَّکَ أَنْتَ الْوَھَّابُ. صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَعَلَی آلِ مُحَمَّدٍ، وَاجْعَلْنِی مِنْ

اور مجھے اپنی طرف سے رحمت عطا فرمانا بیشک تو بڑا عطا کرنے والا ہے محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور مجھے ان کے پیروکاروں اور شیعوں میں قرار دے

أَتْبَاعِہِ وَشِیعَتِہِوَاحْشُرْ نِی فِی زُمْرَتِہِ وَوَفِّقْنِی لاَدَاءِ فَرْضِ الْجُمُعَاتِ، وَمَا أَوْجَبْتَ عَلَیَّ فِیھا

اور ان ہی کے گروہ کے ساتھ محشور فرما مجھے نماز ہائے جمعہ اور جو کچھ مجھ پر تو نے اس دن میں واجب کیا اسے ادا کرنے کی

مِنَ الطَّاعَاتِ، وَقَسَمْتَ لاَھْلِھَا مِنَ الْعَطَاءِ فِی یَوْمِ الْجَزَاءِ، إِنَّکَ أَنْتَ الْعَزِیزُ الْحَکِیمُ.

توفیق دے اور روز قیامت جب اہل اطاعت پر تیری عنایت ہو تو مجھے بھی حصہ دے کہ تو صاحب اقتدار اور حکمت والا ہے۔